# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## اکبر بابر کی پریس کانفرنس پر پاکستان تحریک انصاف کا ردّ عمل

پاکستان تحریک انصاف نے اکبر بابر کی پریس کانفرنس کو بالکل بے معنی، مضحکہ خیز اور ٹاؤٹ کا خواب قرار دے دیا

اکبر بابر کسی بھی پیشکش سے پہلے قوم کو یہ بتائیں کہ تحریک انصاف 26 ستمبر 2011 کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ان کی بنیادی رکنیت ختم کر چکی ہے،

رکنیت کے خاتمے کے بعد اکبر بابر کا تحریک انصاف سے تو کوئی تعلق نہیں البتہ ان کے ایجنڈے سے تحریک انصاف کا ہر کارکن بخوبی آگاہ ہے،

اکبر بابر کیلئے مخلصانہ مشورہ ہے کہ وہ ٹاؤٹ گردی کی راہ ترک کریں اور سیاست میں کچھ کرنا چاہتے ہیں تو الیکشن کمیشن میں اپنی ایک نئی سیاسی جماعت رجسٹر کروا کر سیاست کی اصلاح کا بیڑہ اٹھائیں،

پاکستان تحریک انصاف ایک منظم ترین جمہوری جماعت ہے جس میں فیصلہ ساز صرف اور صرف ہمارے کارکن ہیں،

تحریک انصاف کا ہر کارکن عمران خان کے نظریے سے پوری طرح وفادار اور جماعت کے نظم اور فیصلہ سازی پر غیر متزلزل یقین رکھتا ہے،

تحریک انصاف کا ہر کارکن جانتا ہے کہ ٹاؤٹ کسی نظریے یا اصول کے نہیں اپنے آقاؤں کے حکم کے تابع ہوا کرتے ہیں اور سیاست کیلئے یکسر ناموزوں ہوتے ہیں،

جس ٹاؤٹ کے ذریعے تحریک انصاف میں نقب زنی کی مایوس کن کوششیں جاری ہیں اس کی پہلے اپنی کوئی سیاسی پہچان تھی نہ آج ہے،

اکبر بابر نامی شخص جتنی دیر تحریک انصاف کا حصہ رہا وہ تحریک انصاف کے تاحیات بانی چیئرمین عمران خان کی سرپرستی ہی کا مرہونِ منّت رہا،

اس ٹاؤٹ نے تحریک انصاف کے قیام سے آج تک کسی انٹرا پارٹی انتخاب میں یونین کونسل تک کی سطح پر حصہ لیا نہ کبھی تحریک انصاف کے کارکنان نے اسے منتخب کیا،

آج بھی مقتدرہ کی آشیر باد کے سوا اکبر بابر کی کوئی پہچان ہے نہ ان کے پاس کرنے کو کوئی کام،

تحریک انصاف کا کارکن دیگر تمام سازشوں اور شر انگیزیوں کیطرح اکبر بابر جیسے شخص کی شرارتوں سے بھی نمٹ لے گا،

تحریک انصاف اللہ کے فضل و عنایت سے ملک کی مقبول ترین سیاسی جماعت ہے اور اپنے قائد عمران خان کی قیادت میں بطور متحد جماعت سیاست و ریاست کی تعمیر کا ایجنڈا آگے بڑھائے گی،

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ